اُردو (لازمی)	(1st A 425) انٹرمیڈیٹ پارٹ II (بارھویں)	پرچہ: II	پہلا گروپ
وقت: 2:40 گھنٹے	انشائی	مارکس: 80	

حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (8+1+1 = 10)

صدائے تیشۂ مزدور ہے تیرا نغمہ ..... تو سنگ و خِشت سے چنگ و رباب پیدا کر
ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم ..... وہ بانکپن، وہ اچھوتا شباب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3+1 = 10)

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا ..... جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی
تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا ..... ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی
یاد کے بے نشاں جزیروں سے ..... تیری آواز آ رہی ہے ابھی

حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1 = 15)

(الف) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطین بنی اُمیّہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطین بنی اُمیّہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضہ میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔ عمر بن عبدالعزیزؒ تختِ خلافت پر بیٹھے تو سب سے پہلے ان کو اس کا خیال ہوا، لیکن ایسا کرنا تمام خاندانِ خلافت کو دشمن بنا لینا تھا۔ تاہم انھوں نے اس کی کچھ پروا نہ کی۔

(ب) میرے حضور! یہ وہ بدنصیب بول رہی ہے جس نے مجرم کی ماں کے اٹھ جانے کے بعد اپنی اولاد کی طرح اسے کلیجے سے لگایا۔ میرے حضور! خود آپ نے اسے مجھے دے ڈالا تھا۔ میں تھی جس نے اسے زندگی دی اور توانائی بخشی کہ وہ بڑھ کر مرد بن جائے۔ میرے حضور! کیا آپ مجھ سے وہ زندگی چھین لیں گے؟ اسے، جسے تب میں نے زندگی بخشی تھی۔ اب وہ جوان ہے۔ آپ کا گوشت اور خون ہے۔ اسے زندہ نہیں رہنا تھا تو یہ سب میں نے کیا کیوں تھا؟

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 = 10)

(الف) نواب محسن الملک (ب) قرطبہ کا قاضی

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) سوشل میڈیا کے ثمرات و نقصانات (ب) میری پسندیدہ کتاب (ج) کھیلوں کی اہمیت

7 - والد صاحب کو خط لکھ کر اپنے تفریحی دورے کی تفصیلات سے آگاہ کیجیے۔ (10)

اُردو (لازمی)	(1st A 425) انٹرمیڈیٹ پارٹ II (بارھویں)	پرچہ: II	دوسرا گروپ
وقت: 2:40 گھنٹے	انشائی	مارکس: 80	

حصّہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (8+1+1 = 10)

تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے ..... اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے

مذمّت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے؟ ..... تمھارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3+1 = 10)

دل میں اِک لہر سی اُٹھی ہے ابھی ..... کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

شور برپا ہے خانۂ دل میں ..... کوئی دیوار سی گری ہے ابھی

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا ..... جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

حصّہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1 = 15)

(الف) ان کی ایک ہی تصنیف ہے جو خالص مذہبی ہے، ورنہ اس کے سوا ان کی جتنی تحریریں ہیں وہ یا تو تعلیمی ہیں یا معاشرتی یا علمی۔ لیکن ان سب کا تعلق کسی نہ کسی نہج سے اسلام یا مسلمانوں سے ہے۔ گو وہ اُردو کے اعلیٰ درجے کے ادیبوں میں نہیں لیکن ان کی تحریر میں اَدبیّت کی شان ضرور پائی جاتی ہے۔ روانی، فَصاحت، تسلسلِ بیان ان کے کلام میں نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ اگرچہ انگریزی نہیں جانتے تھے، لیکن انگریزی کتابیں پڑھوا کر سُنتے اور ترجمہ کرا کر مطالعہ کرتے تھے۔

(ب) اغیار کو تو یہ مسرور و بافراغت دیکھ کر خوش ہوں گے اور فخر کریں گے، لیکن اپنوں کو کھاتا پیتا یا ہنستا بولتا دیکھ کر غم و غصہ کے انگاروں پر لوٹنے لگیں گے۔ یہ اپنے نکمے پن اور بے غیرتی کو اپنی بہت بڑی خوبی اور اپنا حربہ سمجھتے ہیں۔ یہ اپنے کھاتے کماتے عزیز کو غاصب سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ آپ نے اُن نعمتوں پر قبضۂ مخالفانہ کر رکھا ہے جو بہ صورتِ دیگر ان کے قبضہ میں آتیں۔ وہ کبھی نہ دیکھیں گے کہ وہ خود کتنے ناکارہ اور بے اطمینان ہیں اور جو فراغت، نام وری اور نیک نامی سے رہ رہا ہے، اس نے کتنی محنت کی ہے اور اذیّت اٹھائی ہے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 = 10)

(الف) نواب محسن الملک (ب) ہوائی

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم "آدمی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) میرے والد، میری پسندیدہ شخصیت (ب) مغربی تہذیب کی تقلید — ایک المیہ (ج) پاکستانی ترقی میں اُردو زبان کا کردار

7 - ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ (10)

306-1st A 425-69000